سبق-13: اعادہ مکی دور کا

یاد رکھیے! رمضان 1 نبوی میں حضرت جبریلؑ آپ ﷺ کے پاس وحی لے کر آئے۔ صفر 14 نبوی میں آپ ﷺ نے مکہ سے مدینہ کی جانب ہجرت کی تو مکی دور 13 سالوں کا بنتا ہے۔

مکی دور: 13 سال

ان (13 سالہ مکی دور) میں آپ ﷺ اسلام کی دعوت دیتے رہے، ان سالوں کو ہم نبوی سال کہتے ہیں: 1 نبوی سے 13 نبوی تک

مکی زندگی کے 13 سال کے 4 دور ہیں۔ 3، 2، 5 اور 3۔

پہلا دور یہ ہیں:

1. خفیہ دعوت
2. کھلی تبلیغ پر مخالفت و ظلم قریش کا
3. ظلم و ستم بہت زیادہ اور بائیکاٹ
4. باہر دعوت: مکے سے باہر کے لوگوں کو دعوت، ظلم کے باوجود

اب ہم ہر دور کے قرآنی حصے کو دیکھیں گے تاکہ ہمیں اندازہ ہو کہ اللہ نے رسول ﷺ کو اور اہل ایمان کو ان حالات میں کیا ہدایات دیں۔ ان آیات کی روشنی میں اللہ کے رسول ﷺ نے صحابہ کی کس طرح تربیت فرمائی۔

مکی زندگی کے قرآنی حصے:

	پہلا دور	دوسرا دور	تیسرا دور	چوتھا دور
سال	3	2	5	3

سورتیں	13	42	20	15
پاروں کا عدد	1/3	5	6	8
پارے (ان میں دوسری سورتیں بھی ہیں)	30	29-30, 16,21,27	17-24 (-21)	7-14(-10), 15,25

اگلے سبق میں ہم مکی زندگی کا مختصر تجزیہ پیش کریں گے۔